اسکی مہترانی لینے استری ہی۔ اور کام کرودھ لوبھ موہ اسکے پتر مین۔ ہے بھگون ایسے اپوتر
شریر مین رہنا کداچت جوگ نہین ہی۔ ہے بشواتمن شریر روپی بڑا گھر ہی اسمین اندریان رولی
پشو رہتے ہین جب کوئی اوس گرہ مین جاتا ہی تب بڑی آپدا مین پھنستا ہی۔ تاتپرج یہ ہی
کہ جو اسمین ابھیمان کرتا ہی۔ تو اندریان روپی پشو بسی روپ سینگ سے مارتی ہین۔ اور ترشنا روپی
شول اسکو سیلا کرتی ہی۔ شریر روپی گھر مین ترشنا روپی چنڈالنی استری رہتی ہی۔ وہ اندریان
روپی دوارون سے دیکھتی رہتی ہی۔ اور سدا کلپنا کرتی رہتی ہی۔ اس سے شم دم آدک روپی
سنمپدا کا پرویش نہین ہوتا۔ ہے دینیال رچھا کر کہ اس شریر کے گھر مین ایک کٹمب
سچ ہی۔ جب اسپر سوتا ہون تب کچھ سکھ پاتا ہون۔ پرنتو ترشنا کا پریوار کام کرودھ لوبھ موہ

1 झटपट
2 मिथ्या
3 उपजाता
4 उपद्रव
5 शत्रु
6 मन
7 परमात्मन
8 समरस
9 प्रसन्न
10 मलीन
11 वस्तु
12 सार्थक
13 स्वामी
14 वासी
15 शास्ता
16 पवित्र स्थान
17 बदाचित
18 वेद
19 विना
20 पुत्र
21 कदाचित
22 लाहू
23 मल
24 मूत्र
25 कंकाल
26 बोहतर
27 कदाचित
28 चिदात्मन
29 पशु
30 ग्रह
31 आपदा
32 तात्पर्य
33 अभिमान
34 विषयरूप
35 भृंग
36 शूल
37 द्वारों
38 कल्पना
39 शमदम
40 सुखदा
41 प्रवेश
42 मुमुक्षुत्रिशेम
43 परिवार

ساہت سے سوے نہین دیتا ہی۔ ہے کرپا سندھو کیا اُپائے کرون کہ یہ من ترشنا روپی ندی ہی
اسمین بڑا پرواہ ہی۔ اسکے کنارے پر ویراگ اور سنتوکھ یدیپی دو برکش کھڑے ہین تو بھی
یہ من ترشنا ندی اپنے پرواہ سے دونون برچھون کو جڑ سے اُکھاڑ ڈالتی ہی۔ ہے من
مورکھ تو ترشنا کو تیاگ دے اور جو تو جانے کہ بنا ترشنا روپ رس شبد مجھسے رہا نہین جاتا
تو ہے من ترشنا اُسی روپ پرماتما کی کر یعنے آنکھون سے روپ شیام سندر مکٹ دھاری
سنکھ چکر گدا پدم سہت اور سادھو اور سنت جنون کو دیکھ۔ اور رشنا سے نام اُچار کر
بھجن کر اور کانون سے سنت جنون۔ اور مہاتماون کے آسرے ست شاستر اور
برھم بدیا کو شرون کر۔ اور اپنے من اور بدھی اور چت کو چرن کمل اُسی ایشر پرماتما مین رکھ
کہ جس سے تیرا اور میرا اُدویگ اور بھے ہو بڑھا کیون ڈر در بار پھرتا ہی۔ من بولا کہ جیون مکت
کسکو کہتے ہین۔ ہے من جیون مکت کے لکشن اُوپر لکھ آیا ہون۔ پرنتو تو نہین سمجھا
ہے من مورکھ جیون مکت وہی ہی کہ جسکو اشٹ پدارتھ کے پراپتی سے پرسنتا نہین
اور انشٹ پدارتھ کے ملنے سے اور دکھ آدک کے آجانے سے اُدویگ کو پراپت نہین
اور ہے من جس پرش سے کوئی دکھی نہین ہوتا اور لوگون سے کبھی وہ دکھی
نہین ہی۔ اور راگ اور دویش کی بھی اور کرودھ سے اسنگ ہی۔ اور جو پرش
چت کے پھرنے سے جگت کی اُتپتی جانتا ہی۔ اور سب مین سم بدھی رکھتا ہی۔ اور
چت کی پھرنا مٹ جانے سے جگت کا پرلے جانتا ہی وہی جیون مکت ہی۔ ہے من
اب تجھسے اُتپتی و شیون کی کہتا ہون۔ سنو چیتن ماتر سروپ مین چتاولی روپ
اہنگ ترنگ پھرا ہی۔ اُس چتاولی روپی سمندر مین اہنکار روپی ترنگ بھاست ہوتے
اور اہنکار روپی سمندر مین بدھی روپی ترنگ اور اُس بدھی روپی سمندر مین چت روپی
ترنگ بھاستا ہی۔ اور چت روپی سمندر مین سنکلپ روپی ترنگ اُپجا ہی اور اُس سنکلپ روپی
سمندر مین جگت روپی ترنگ اُتپن ہوا ہی۔ اور جگت روپی سمندر مین دیہہ روپی ترنگ

١ उपाय
٢ नदी
٣ प्रवाह
٤ यद्यपि
٥ वृक्ष
٦ जड़
٧ मोहित
٨ रसना
٩ उच्चार
١٠ आश्रय
١١ अवता
١٢ उच्चार
١٣ व्यथा
١٤ लालसा
١٥ हृदयकमल
١٦ परमात्मा
١٧ अनित्य
١٨ उद्वेग
١٩ भय
٢٠ असंग
٢١ फुरने
٢٢ उत्पत्ति
٢٣ समबुद्धि
٢٤ प्रलय
٢٥ शुद्ध
٢٦ चैतन्यभाव
٢٧ चितावली
٢٨ अहं
٢٩ तरंग
٣٠ भासत
٣١ भासा
٣٢ संकल्पवती
٣٣ उत्पन्न
٣٤ देह

بھاست ہوا ہے۔ اور اُسکے سنجوگ سے درشٹا کا گیان ہوا ہے۔ کہ یہ پدارتھ ہے۔ اور یہ نہین ہے
اور یہ ایسی ہین اور وہ ویسی ہین۔ اور اُنمین دیش اور کال سب اُوتپنّ ہوئی ہین۔
ہے من یہ سرب سنکلپ تیرے ہی سے وشیون کی اُوتپتّی ہوئی ہے۔ پرماتما سے
نہین ہوئی ہین پرماتما تو کیول شانت روپ اور ایک رس ہے۔ اور اُنمین ناناپرکار
آچار رچے گئے ہین جیسے سُپن کے سرشٹی ہو جاتی ہے۔ سو ہے من تیرا ہی ان بھو
سو تو سب وشیون کو تیاگ دے اور باہر سے کرمون کو کرتا رہو۔ اور ابھیمان سے
رہت ہو کر انتر سکھ یعنے آتما مین استھت ہو رہو۔ جب تو آتما مین استھت ہوگا تب
ودّیمان درشٹا پدارتھ بھی تجھکو نہین بھا سینگے۔ تجھکو سرب تر سرب پرماتما ہی بھا سیگا۔
ہے من تو اندھے اور گونگے کی نیائین وِچرت، شلا روپ ہو رہو۔ اندریان جو ہین
تو اپنی اپنی وشی کو گرہن کرتی ہین۔ تو اُنکی برتھا بھاونا نہ کر کہ یہ سندر روپ ہین انکی
مجھے پراپتی ہو تو اجگر کی نیائین ہو بیٹھ۔ جو کچھ یدچھا کر پراپت ہو جاوے
اُس سے ترپت ہو۔ اور جو انچھت وستر آوے اُسکو پہن اور راگ دویش سے
من بولا۔ کہ پہلے کرم اُوتپن ہوئے ہین یا شریر اب میرے پرشن کا اُتر کہو۔ ہے من
یہ کیا پرشن کیا۔ یہ تو مورکھ بھی جانتا ہے۔ کہ پرتھم دیہہ اُوتپت ہوتی ہے۔ پشچات کرم
جب شریر ہی نہین۔ تو کرم کا کرتا کیسے ہو سکتا ہے۔ ہے من پہلے شریر ہوئے ہین پاچھے
کرم۔ ہے من برچھ بیل پھول پھل منشیہ پشو پچھی دیوتا ناگ۔ اور جو کچھ استھاور جنگم
پدارتھ تجھکو درشٹی آتی ہین۔ وہ پہلے کرمون بنا اُوتپن ہوئے اور پیچھے جب سروپ سے
گرے اور دہن پد کو پراپت ہوئے تب اُنکے شریر کرمون سے بنے۔ کرمون کا بیج
اہنکار ہے۔ اور اہنکار ہی مین شریر ہے۔ جیسے بیج مین برچھ ہوتا ہے۔ اور سما پا کر پھول
پھل اُس سے پرگٹ ہوتے ہین۔ ویسے ہی اہنکار سے شریر پرگٹ ہوتے ہین۔
ہے من جب تو اہنکار کو نشٹ کریگا تب کوئی شریر بھی نہین رہیگا۔ کیول آتم پدہی

1 संयोग
2 दृष्टा
3 देशकाल
4 उत्पन्न
5 सर्व
6 केवल
7 शान्ति
8 रस
9 आचार
10 स्वप्न
11 अनुभव
12 अभिमान
13 रहित
14 अन्तरसुख
15 विद्यमान
16 दृष्टा
17 भावने
18 सर्वत्र
19 अन्धे
20 गूंगे
21 पत्थरवत
22 शिला
23 विषय
24 ग्रहण
25 वृथा
26 भावना
27 अजगर
28 यदिच्छा
29 नम्र
30 अनिच्छित
31 वस्त्र
32 उत्पन्न
33 प्रथम
34 देह
35 पश्चात
36 कर्ता
37 पाछे
38 वृक्ष
39 बेल
40 मनुष्य
41 पशु
42 पक्षी
43 स्थावर
44 जंगम
45 फलफल
46 दृश्य
47 समा
48 प्रगट
49 नष्ट

رہ جاویگا۔ من بولا پران کسکا نام ہے۔ اور وہ کہان سے نکلتا ہے۔ اور مجھکو من کس لیے
کہتے ہیں۔ اور میرا استھان کہان ہے۔ ہے من پران اسکا نام ہے جو ہردے کوش سے
نکلتا ہے۔ اور باہر جاتا ہے۔ اور پھر باہر سے بھیتر آتا ہے۔ اسی سے منش شریر بناتا ہے
اور یہی شریر تیرا استھان ہے۔ اور تو اسمین بیٹھ کر نانا پرکار کی باسنا اوتپت کرتا ہے
اور باسنا ہی سے دیش ودیشانتر مین بھرمتا ہے۔ ہے من تجھکو سربدا کال باسنا
روکتا رہے۔ اور پران بایو کو ٹھہرانا چاہیے یہی موکش کا اوپائے ہے۔ ہے من جو
تو باسنا سے پیا ہوا ہے۔ اسی لیے تیرا کلیان نہین ہوتا۔ اور تیرے آگے ابرن پڑا ہوا ہے
اسواسطے تجھکو سروپ آتما کا پرتیت نہین ہوتا جیسے سورج کے آگے بادل آجاتا ہے۔
تو دکھائی نہین دیتا ہے۔ تیسے ہی ہے من تیرے اوٹ سے آتما دکھلائی نہین دیتا
اسی لیے تو اپنے من روپی پردے کو بیراگ اور ابھیاس سے دور کر کے اسکو اچھی طرح کا
سمجھ لے۔ کہ اسمین تیرا ہی روپ پھرتا ہے۔ اور تو ہی اوپدر کرتا رہتا ہے۔ کہ جس سے تیرے
چت مین سنکلپ پھرتی ہین۔ ہے من تجھکو ایک بہت اچھا اوپائے بتاتا ہون کہ
جب سنکلپ درشیہ وستوون کا تیرے مین اٹھے تو اسی سمے اسکو ہٹ جانا تیاگ دے
جب تو بانچھت پدارتھون کا تیاگ کریگا۔ تب تو آپکو جیت لیگا جیسے لوہے سے لوہا
کاٹا جاتا ہے۔ تیسے ہی تو اپنے آپ سے آپکو کاٹ اور یہ جو شریر تجھکو دکھائی دیتا ہے
تو نسچے کر کے جان کہ تو نے ہی کلپا ہے۔ اسی سے ہوشیار رہکر کے چت کو اچت کر تب
اس بندھن سے چھوٹیگا۔ ہے من جیسا تیرا پھرنا پھرتا ہے۔ تیسا ہی روپ ہو جاتا ہے۔
جو ست است اور جڑ اور چیتن کے بیچ مین چلایمان ہے۔ سو تو ہی ہے۔ اور اسی کارن تیرا
نام من بچھا شاگیا ہے۔ ہے من جب تو جڑ کے اور جاتا ہے۔ تب آتما کے پرماد سے جڑ روپ
ہو جاتا ہے۔ ارتھات آتما مین اہم بھاو کر لیتا ہے۔ اور جب بیبیک بچارنے لگتا ہے۔ تب اس
ابھیاس سے جڑتا دور ہو جاتی ہے۔ جو کچھ بھاو ابھاو روپ سنسار کے پدارتھ ہین

1 प्राण
2 अस्थान
3 हृदयकोष
4 भीतर
5 मानुष्य
6 शरीर
7 नाना-प्रकार
8 देशादेशान्तर
9 भ्रमता
10 सर्वदा-काल
11 वायु
12 उपाय
13 कल्याण
14 आवरण
15 प्रतीत
16 मोह
17 फुरना
18 उपद्रव
19 संकल्प
20 उपाय
21 दृश्य वस्तु
22 वांछित
23 जीत
24 कल्पना
25 पुरुषार्थ
26 चित्त
27 आचरन
28 बंधन
29 फुरना
30 सत्य असत्य
31 जड़ चेतन
32 माया
33 जड़
34 चोर
35 प्रमाद
36 स्वभाव
37 विवेक
38 जड़ता
39 भाव
40 अभाव

سب تجھسے ہی اُوتپنے ہین۔ اِس لیے ہے من تو اُوپشم کرنیکا اُوپاے کر۔ نہ اسکے جنم مرن
کے چھوٹنے کا اور کوئی اُوپاے نہین ہے۔ ارتھات تو اپنے من کو آپ ہی روک سکتا ہے۔
اور کوئی روک نہین سکتا ہے۔ جیسے راجہ سے راجہ ہی جدّھ کرتا ہے۔ اور کوئی نہین کرسکتا ہے
تیسے ہی من سے من ہی جدّھ کرسکتا ہے۔ اِس سے۔ ہے من تو اپنے من سے من ہی کو
مار درشیہ کے اور تو کیون دوڑتا ہے۔ یہ درشیہ پدارتھ تو سنسار مِرگ ترشنا کے جل کی
نیائین متھیا ہین۔ اِنکی ممتا کیون کرتا ہے۔ ہے من گیانی کو بھی اُوپدیش کرنا نہین نبھا
اور گیانی مورکھ کو بھی نہین نبتا۔ مورکھ کا تو یہ برتانت ہے۔ کہ بچن سنکر ڈرتا ہے۔ اور باندھو
پتر استری کے موہ مین سویا پڑا ہے۔ کبھی انکو مرا ہوا جانکر دکھ کرتا ہے۔ اور کبھی سپنے مین ہاتھی کو
دیکھ کر ڈرتا ہے۔ ہے من تو نے اگیانیون کو ہی بس مین کرلیا ہے۔ اور ہے من بھوگون کا
تو تجھ سکھ ہے۔ اسکے واسطے تو کیون جتن کرکے دکھ پاتا ہے۔ ہے من جتنے بھوگ ہین وہ
سب نرنتر ناش ہو جاتے ہین۔ اور ہے من تو ایسا جڑ موڈھ ہے۔ کہ سندا انہین ہی لگا رہتا ہے
کہ آج مجھکو یہ پدارتھ ملا ہے۔ اور کل کو وہ پدارتھ مجھکو ملیگا۔ رات دن پاپ کرکے تو آپ بھی
دکھ پاتا ہے۔ اور مجھکو بھی دیتا ہے۔ دھرکار ہے تجھکو۔ ہے من بالک اوستھا مین پورن
مورکھتا ہے۔ جوبن اوستھا تو کام آدک وکارون سے بھرپور ہے۔ بردھ اوستھا مین چت سے
دکھی ہوتا ہے۔ ہے من مورکھ تو پرمارتھ کے کارج کو کس کال مین سادھے گا۔ ہے من
تو اِس پرکار سدا کال بچار کیا کر۔ کہ نہ مین ہون اور نہ کوئی دوسرا ہے۔ نہ ستیہ ہے نہ استیہ
نہ پرپنچ ہے۔ نہ مایا ہے۔ نہ ایک ہے۔ نہ دو ہے۔ جب ایسی بھاونا تیرے ہردے مین جم جاوے گی
تب تو شانت ہو جاویگا۔ ہے من گرہن اور تیاگ کی بدھی جو تجھے اور سب پدارتھون مین
ہوتی ہے وہ بھی تو ہی کرتا ہے۔ اور یہی بندھن کا کارن ہے جب تک گرہن اور تیاگ کا ان بھو
دور نہ ہوگا تب تک تو سمتا بھاو کو پراپت نہ ہوگا۔ اور ہے من جو دھن پتر استری
نشٹ ہو جاوین تو اندر جال کی نیائین جان لینا چاہیے اِس بچار سے بھی اُودویگ کو

1 उपजती
2 उपशम
3 उपाव
4 युद्ध
5 दृष्टि
6 {मृग
7 तृष्णा}
8 न्याई
9 मिथ्या
10 ममता
11 उपदेश
12 वृतांत
13 वचन
14 बांधव
15 पुत्र
16 स्त्री
17 मय
18 स्वप्न
19 दुःख
20 पुत्र
21 निरंतर
22 स्थिर
23 धिरकार
24 अवस्था
25 मूढ़ताई
26 यौवन
27 विकार
28 भरपूर
29 वृद्धावस्था
30 परमार्थ
31 कार्य्य
32 काल
33 {सर्वदा
काल}
34 सत्य
35 असत्य
36 प्रपंच
37 माया
38 भावना
39 {ग्रहण
त्याग}
40 बुद्ध
41 बंधन
42 अनुभव
43 {समता
भाव}
44 नष्ट
45 उद्वेग

نہین پراپت ہوتا۔ جو ایک پل[1] مین دکھائی دیکر پھر نشٹ ہو جاوے۔ اسکا سُوگ[2] کرنا ورتھ[3]
کیونکہ اودّیا[4] سے رچی ہوئی استری دھن آدک سکھ دکھ کی ہیتو[5] ہوتی ہین۔ ہے من جو
پتر دھن آدک کے بردّھی[6] ہو تو بھی اسکا ہرکھ کرنا نہین چاہیے جیسے۔ مِرگ ترشنا[8] کا جل کُوا[7]
کچھ لابھ نہین دیتا ہے۔ تیسے ہی دھن[9] دارا آدک بڑھنے مین ہرکھ کرنا نہین چاہیے۔ ہے من
وہ کون پُرش ہے جو مایا موہ کے بڑھنے سے شانتی وان ہووے وہ سارا استار[11] دیکھ کے[10]
جو مُوڈھ[12] ہین وہ دیکھ دیکھ کر پرسن[13] ہوتے ہین جو بدھی وان ہین۔ وہ بھوگ آدک کو اپنا[14]
تک دکھ روپ جانتے ہین۔ اسکی اچھا نہین کرتے پراپت ہوتا ہو۔ سو ہوا اسمین ہرکھ سوگ[15] نہین
کرنا ہے من اُن بھوگون کو شاستر انوسار[16] ہرکھ شوک سے رہت[17] بھوگنا چاہیے۔ اور
جو پراپت نہ ہو۔ اسکی اچھا نہین کرنی چاہیے۔ ہے من یہ سنسار روپی سمندر ہے۔ اسمین
باشنا روپی جل ہے۔ اسمین آتم[18] بتیا بدھی[19] وان روپ ناؤ[20] پر چڑھتے ہین۔ وہ تر[21] جاتے ہین
اور جو نہین چڑھتے وہ ڈوب جاتے ہین۔ ہے من تو سدا ہی گیان کے پہاڑ پر چڑھا رہو
اور ہے من جسکا چت بھوگ اور ایشرج[22] سے کھچا ہوتا ہے۔ وہ نانا پرکار کے راجس[23] تامس[24]
ساتک[25] کرم بڑے آرمبھ[26] سے کرتے ہین پرنتو وہ مُوڈھ[27] آتما شانتی نہین پاتے۔ ہے من
جس اگیانی کے بھوگ مین آسکت[28] بدھی[29] ہے۔ وہ تیرے اور شریر کے دکھ سے دکھی ہو کر
بارم بار جنم اور مرن[30] پاتا ہے۔ جیسے دن ہوتا ہے پھر راتری آجاتی ہے۔ تیسے ہی جنم اور مرن
ہوتا رہتا ہے۔ ہے من مُورکھ جب تو بھوگ سے رہت[31] ہو تب آتما کو دیکھے۔ ہے من
یہ سنسار ورشیہ[32] نان باشنا کا جال ہے۔ اسمین جیو روپی پکھشی[33] بستے ہین جب بیراگ
چوہا[34] اس جال کو کترے[35] تب تو بندھن[36] سے چھوٹے اور جیسے پنجرے کے ٹوٹ جانے
سے پکھشی چھوٹ جاتا ہے۔ تیسے ہی تو بیراگ کے سنگت[37] سے نربندھن[38] ہو جاویگا
بہت کہنے سے کیا پریوجن[39] ہے۔ ہے من تو ہی جیوون کو اچھا دلاتا ہے۔ اور تو ہی
جیوون کو آتم پد سے گرا دیتا ہے۔ جس پرکار ہو سکے تجھ من روپی ہاتھی کو بچار روپی

1 पल
2 शोक
3 व्यर्थ
4 अविद्या
5 हेतु
6 वृद्धि
7 कूप
8 मृगतृष्णा
9 धन दारा
10 चेतन
11 विस्तार
12 मूढ़
13 प्रसन्न
14 तुच्छ?
15 हर्ष शोक
16 अनुसार
17 रहित
18 आत्म सत्ता
19 बुद्धिवान
20 नाव
21 तर
22 ऐश्वर्य
23 राजस
24 तामस
25 सात्विक
26 आरंभ
27 मूढ़
28 आसक्त
29 बुद्धि
30 मरन
31 रहित
32 दर्पण? मान
33 पंछी
34 चूहा
35 कतर
36 बंधन
37 संग
38 निर्बंधन
39 प्रयोजन

اِنکُش سے بس مین لانا چاہیے - ہے من سونے کے محل مین ایسا سکھ نہین ملتا جیسا
کہ گیان وان باشنا سے رہت کو سکھ ملتا ہے - ہے من جس پُرش نے اندریان اور اودیا
روپی شتر وکو جیتا ہے - وہ پرم سوبھا سے شوبھت ہے - اور جسکو دیہہ مین اہنکار ہے - اور
ہر دے مین ترشنا ہے - وہ پرش ایسا ہے - جیسا کہ پنچھی کا تاگے سے بندھا ہوا ہوتا ہے
جو اسکو بالک بھی کھینچ لیجاوے - اسکو جمراج بھی بس کرتا ہے - ہے من جو پرش باسنا سے
رہت ہے - اسکو کوئی مار نہین سکتا ہے - ہے من ترشنا روپی جال سے جو پرش نکل گیا ہے
وہی شور ہان ہے - اور جس پرش نے ترشنا کو نہین نشٹ کیا وہ اناپ جنم اور دکھ مین
بھرمتا ہے - جب ترشنا گھٹتی ہے - تب تو بھی سوکشم ہو جاتا ہے من جو بشے بھوگ ہے - انکو بکھ
اور اگنی کے سمان جان جیسے بکھ اور اگنی ناش کے کارن ہین - تیسے ہی بشے بھوگ مین
ہے من سرودا کال اپنے ہر دے مین یہی بچار کرتا رہو کہ بشے بھوگ زہر اور آگ کے
نیا متن ہین - جو گرہن کرونگا - تو نشٹ ہو جاونگا - ہے من تجھسے اور کیا کہون - تو مورکھ
اپنے ہی باشنا سے آپ ہی سنسار ستھیا مین پھنستا ہے - اس لیے بھوگ کی باشنا
تیاگ دے - کیونکہ سنسار کا بیج باشنا ہے - جو تو باشنا سے رہت ہو جاویگا - تو اس جگت
ستھیا کے بندھنون سے چھوٹ جاویگا - من پرشن کرتا ہے - کہ جو لوگ جدھ مین مرتے ہین وہ
سرگ مین جاتے ہین یا نہین - ہے من سرگ مین وہی جاتا ہے جسکا مرنا دھرم کے ساتھ ہوتا ہے اچھا
جو کوئی - برہمن سوہرد سرن آئے ہوئے کے بچانے کو اور پرجا کے پالنے کے واسطے
جدھ کرتے ہین وہ سرگ کے بھوشن اور سوربیر کہلاتے ہین وہ مرکر سرگ مین جاتے ہین
اور جو شاستر اور دھرم کے انوسار جدھ نہین کرتے اور انرتھ کے ساتھ لینے اپنے
سوارتھ کے لیے جدھ کرتے ہین - سو وہ نرک مین گرتے ہین - اور جو کسی جوگ پدارتھ
کے واسطے جدھ کرتے ہین وہ بھی نرک مین جاتے ہین - اور ہے من جس پدارتھ کو
پرانی سمرن کرتے کرتے اپنا شریر تیاگتا ہے - وہی پدارتھ اسکو پراپت ہو جاتا ہے -

1 अंकुश
2 रहित
3 अविद्या
4 शत्रु
5 सामंत
6 देह
7 पर
8 पंछी
9 लागे
10 यमराज
11 रहित
12 सूत्रजाल
13 पुरुष
14 सुरमा
15 नष्ट
16 ममता
17 सूक्ष्म
18 विष
19 समान
20 सर्वदा काल
21 ग्रहण
22 मिथ्या
23 रहित
24 बंधन
25 प्रश्न
26 युद्ध
27 सुहृद
28 [illegible]
29 प्रजा
30 भूषण
31 शूरवीर
32 अनुसार
33 अनर्थ
34 स्वार्थ
35 प्राणी
36 शरीर

کیونکہ ایک ایک جیو کے ساتھ چیتن ماتر دیوتا استھت رہتا ہے - جو یہ جیو مرتیو سمے
جیسے جیسے بھاونا کرتا ہے - تیسے تیسے روپ کو پراپت ہوتا ہے - ہے من پران تیاگنے کے
سمے بڑا بھاری کشٹ ہوتا ہے - کہ جیسے ساٹھ ہزار بچھوؤں نے ایک بار کاٹا ہو - سو تو
اس سمے سب وستوؤں کو تیاگ کے اسی کرشن پرماتما کی بھاونا چت میں رکھنا
تجھکو کشٹ نہ ہوگا - ہے من سری کرشن دیو ارجن سے گیتا میں برنن کرتے ہیں
آدکا جو پھری ہے - تو جیو روپی رتھ پر آروڈھ ہوئی ہے - اور یہ جیو اہنکار روپی رتھ پر
اور ہے من تو پران روپی رتھ پر اور پران اندری روپی رتھ پر - اندریوں کا رتھ
یہی دیہہ ہے - دیہہ کا رتھ پدارتھ ہیں - یہ دیہہ جو تیرے پریرنا سے کرم کرتی ہے سو
اپنے کرموں انوسار جرا - اور مرن روپی سنسار پنجرے میں بھرمتی ہے - اور اسی پرکار
یہ سنسار چکر پھرتا ہے - اور اسمیں جیو تیرے پرماد سے بھٹکتے پھرتے ہیں - ہے من سکھ
اور دکھ اور دھن اور باندھو کا بھوگ یہ سب پدارتھ انت ہیں یہ آتی بھی ہیں اور جاتی بھی ہیں انکو
آگما پائی جانکر تیج - کیونکہ یہ سنسار دکھ روپ ہے - ایک رس کداچت نہیں رہتا -
اسکو استھت جانکر کبھی نہ ہونا - پدارتھ اور کال جیسے آویں تیسے جاویں - اور جیسے
سکھ دکھ آویں تیسے جاویں - یہ سب آگما پائی ہیں - کداچت اشٹ کی پراپتی اور انشٹ
پراپتی میں ہرک وان اور شوگ وان نہ ہونا جیسے آویں تیسے جاویں جیسے جاویں
تیسے آویں جسکو آنا ہے وہ آویگا - اور جسکو جانا ہے وہ جاویگا - یہ سکھ اور دکھ پرواہ روپی
ہے من اسمیں آشا کر کے کبھی تپایمان نہ ہونا - ایسے روگ کو شانتی تجیر اوشدی ہے -
ہے من تیرے چت کے دو بیج ہیں - ایک پرانوں کا پھرنا - دوسرا باشنا کا پھرنا جب
ایک کا ابھاؤ ہو جاتا ہے - تب دونوں ہی ناش ہو جاتے ہیں - ہے من پرانوں کے
روکنے سے شانتی ہوتی ہے - اور باشنا کی ناش ہونے سے چت استھر ہوتا ہے - ایسا
سری کرشن جی ارجن سے برنن کرتے ہیں جب اس جیو کو بودھ ہوتا ہے تب اتنا

۱ चैतन्य मात्र
۲ इस्थित
۳ मृत्यु
۴ भावना
۵ कष्ट
۶ वर्णन
۷ त्यादि कल्प
۸ फुरा
۹ आरूढ़
۱۰ देह
۱۱ प्रेरणा
۱۲ जरा
۱۳ मरण
۱۴ भ्रमते
۱۵ चक्र
۱۶ प्रमाद
۱۷ बांधव
۱۸ अंत
۱۹ आगमा पाई
۲۰ तिज
۲۱ रस
۲۲ कदाचित
۲۳ काल
۲۴ इष्ट
۲۵ अनिष्ट
۲۶ निवृत्ति
۲۷ प्रवाह
۲۸ आपदा
۲۹ तपायमान
۳۰ तिविच
۳۱ औषधी
۳۲ फुरना
۳۳ अभाव
۳۴ इस्थिर
۳۵ बोध

جال سے مکت ہو جاتا ہے۔ اور جو باشنا سے رہت ہوا ہے وہی مکت ہے۔ جو پرش سب دھرم
پرائن بھی ہے۔ اور سب نگمیہ شاستروں کا بیتا بھی ہے۔ پر جو باشنا سے رہت نہین ہوا ہے۔ وہ سب
اور سے باندھا ہوا ہے۔ اور جیسے پنجرے مین پنچھی باندھا ہوا ہوتا ہے۔ تیسے ہی وہ
باشنا سے بندھا ہوا ہے۔ سے من جسکے چت مین کوئی باشنا نہین ہے۔ وہ کسی بندھن مین
نہین آتا ہے۔ اور جسکے ہردے مین جگت کی باشنا ہے۔ وہ یدپی بڑا ایشرج وان
دکھائی دیتا ہے تو بھی وہ دلدری ہے۔ اور دکھ کا بھوگی ہے۔ اور جسکی باشنا نشٹ
ہوئی ہے۔ وہ سب اور سے دکھ رہت ہے۔ سے من جیسے کچھو اپنے انگ اپنے
کھینچ لیتا ہے۔ تیسے گیانوان اپنے آپ سے باشنا کو کھینچ لیتا ہے۔ اور آپکو چیتن ماتر جانتا
اور یہ آتما مین سارا جگت مالا کے دانون کی نیائین پرویا ہوا ہے۔ سے من سب جگت
اسی کا انگ ہے۔ جیسے سمندر سے ترنگ اٹھتی ہین۔ اور اسی مین لین ہو جاتی ہین۔ تیسے ہی
آتما سے یہ بھی اپجتی ہین۔ اور اسمین ہی لین ہوتی ہین بھن کچھ نہین ہے۔ سے من جسکے
ہردے مین باشنا کا بیج ہے۔ اور باہر سے دکھائی نہین دیتا وہ بیج تھوڑے ہی پھیل جاوے
جیسے بڑ کا بیج چھوٹا سا بہت پھیل جاتا ہے۔ تیسے ہی وہ بھی بہت پھیل جاویگا سے من
جس پرش نے آتما کا ابھیاس کیا ہے اور اس ابھیاس سے گیان روپی اگنی کو اودت کیا ہے۔ اور
اس سے باشنا روپی بیج کو جلایا ہے۔ اسکو پھر جنم سنسار کا نہین ہوتا۔ اور وہ بدھی سے کسی بیوہار
گرہن نہین کرتا۔ اور سکھ دکھ آدک مین نہین دیتا وہ سدا ہی نرلیپ رہتا ہے جیسے توبی جل کے اوپر رہتی ہے
تیسے ہی وہ بھی سکھ دکھ کے اوپر رہتا ہے۔ سے من جو پرکھ تین اندریون کو اپنے بس مین کر بیٹھا ہے
اور چت سے جگت کے پدارتھون کی چنتا کرتا ہے۔ وہ مودھ مورکھ ہے۔ اپنے ٹھگتا ہے۔ اور ایسی دیہ کو
کشٹ دیتا ہے۔ اور جسکے من مین کوئی باشنا نہین ہے۔ اور بیوہار کرتا ہے۔ تو اسکو بھی آتما
کے سمادھی کے تلّ جاننا چاہیے۔ سے من کوئی گیانی بیوہار کرتا ہے۔ اور کوئی بیوہار کو
تیاگ کر بن مین سمادھی لگا کر استھت ہو بیٹھتا ہے۔ سو دونون نشچے پرم پد کو پراپت ہوتے

1 रहित
2 परायण
3 सर्वज्ञ
4 वृहा
5 रहित
6 सार
7 पंछी
8 बंधन
9 यद्यपि
10 ऐश्वर्यवान
11 भोगी
12 नष्ट
13 रहित
14 अंग
15 चैतन्यमात्र
16 त्याग
17 तरंग
18 लय
19 उपजते
20 लीन
21 भिन्न
22 भीतर भीतर
23 पोल
24 उपजाय
25 वृद्ध
26 गहना
27 निर्लेप
28 तोबी
29 वगार
30 चेष्टा
31 मूढ़
32 वृथा
33 साप
34 व्यवहार
35 समाधि
36 तुल्य
37 स्थित

سے ہے من تشچے جان۔ کہ جہان باشنا ہے وہان دُکھ ہے۔ جہان باشنا کچھ نہین۔ وہان
شانتی شانتی ہے۔ من پرشن کرتا ہے۔ کہ وہ کونسا بندھن ہے۔ کہ جو آتم پد کو پراپت نہین
ہونے دیتا ہے۔ سے ہے من تین پرکار کے بندھن ہین اور وہ تینون ہی تجھے نجات نہین جو
پرماتما کے اوپر جانے نہین دیتے۔ پہلا بندھن جیسون۔ بھوگ۔ استری کا۔ دوسرا
بندھن ... روپ رس گندھ شبد سپرش کا۔ تیسرا بندھن اہنکار کا ہے۔ سے ہے من
یہ باشنا ... ادک ... دینے والی ہین۔ اور یہ بھوگ مہا روگ ہین۔ اور یہ
... ارتھ کے پراپتی اور ارتھ کے کارن
ہین۔ تو ... ہوتا ہے۔ اور انکو دیکھ دیکھ کر کیون پھولتا۔ اور پرسن ہوتا ہے
پھولا پھرتا ہے سو من تو ... کیون نہین آتا ہے۔ اور سے ہے من یہ تینون پدارتھ
دھن بھوگ استری آتی بھی ہین۔ اور جاتی بھی ہین۔ جو کچھ پراربدھ ہے۔ وہ اوش ملجاتا ہے
پھر دھن آدک کے لیے کیون بے ارتھ جتن کرتا ہے۔ جسکو آتا ہے۔ وہ آویگا۔ اور جسکو جاتا ہے
وہ جاویگا۔ تیرے چاہنے اور یتن کرنے سے نہ انکا سنجوگ ہوتا ہے۔ اور نہ بیوگ۔ تو ان
تینون باشنا کو تیاگ کرکے آتم پد مین استھت ہو رہو۔ دوسرا بندھن روپ رس گندھ
شبد سپرش کا۔ سے ہے من یہ جو پانچ وشے اندریون کے ہین۔ اور تو ہی ان پانچون کا
سوامی ہے۔ پرنتو تو انکے مد سے ہاتھی کی نیائین اُنمت ہو رہا ہے۔ تجھکو گیان جگتی کے
انکش سے بس مین لانا چاہیے۔ یہ جو گیان جگتی کٹھن ہے۔ پرنتو جتن سے سہل ہو گئی
جب تک تو ان وشیون سے بیراگ کو پراپت نہین ہوتا۔ اور سنسار سے تجھکو گلانی
نہین ہوتی۔ تب تک تو شریر روپی بن کے دُکھون مین رہکر بھرمتا رہیگا۔ سے ہے من
مانش شریر ملنا بڑا درلبھ ہے۔ جیسا کہ کسی نے اس پد مین کہا ہے۔ مانکھ دیہی درلبھ ہے
بار بار نہین پاتا ہے۔ منگل سو پھل جنم انکا جو کرشن چرن چت لاتا ہے۔ سے ہے من اس لیے
دن کے چار بھاگ کرکے انمین پرتھک پرتھک کاریہ کا ابھیاس کرے اور رات

१ प्रष्णा
२ व्रसन
३ संयुक्त
४ घोर
५ अनर्थ
६ बांधव
७ दृढ़ बंधन
८ व्यर्थ
९ अनर्थ
१० प्रवृत्त
११ प्रसन्न
१२ प्रारब्ध
१३ अवश्य
१४ व्यर्थ
१५ यत्न
१६ संयोग
१७ वियोग
१८ विषय
१९ स्वामी
२० मद
२१ उनमत्त
२२ युक्ति
२३ अंकुश
२४ यद्यपि
२५ कठिन
२६ यत्न
२७ सुगम
२८ गलानी
२९ भ्रमता
३० दुर्लभ
३१ पद
३२ मानुष
३३ देही
३४ दुर्लभ
३५ सुफल
३६ भाग
३७ पृथक पृथक
३८ कार्य्य

پرتھم دو حصہ دن کے بھوگ کرم دیہہ کے کارج مین بِتی کرے ایک حصہ مین شاستروں کے
سننے کا بچار کرے۔ ایک حصہ دن کا اُردھ کے سیوا مین لگاوے۔ جب کچھ یہ من بچار سنجگت
ہووے۔ تب بچار سنجگت اور بیراگ سنجگت شاستروں کو بچارے۔ اور رات کے
دو بھاگ مین دھیان پرماتما اور اپنے اشٹ دیو کی پوجن مین سے پھر شین کرے
سے من اِس پرکار تو گیان کتھا اور برہم بدیا کے جوگ ہوجاویگا۔ تب دان تیرے
کچھ نہین ہوتا ہے۔ اپنے ہی بچار او آتم ابھیاس اور بیراگ اپجنے سے پرماتما
بھون کا تیون دکھلائی دیتا ہے۔ اور جو چیتن تتو اور سنسار بستار روپ بھاستا ہے
وہ سب چیتن ماتر آتما ہی ہے۔ سے من تو بھی چیتن سروپ سے چیتن ہے۔ اور مین بھی
چیتن ہون۔ اور یہ لوک اور پرلوک بھی چیتن روپ ہے۔ جب تو ایسا نشچے دڑھ روپ
سے ہردے مین دھاریگا تب نرمل نشچاتمک بدھی سے اپنے آپکو تو دیکھیگا۔ سے من
جب تو نِدرا مین پڑا ہوا سوتا ہے۔ تب تجھکو شبھ اشبھ وشے مین راگ کچھ نہین ہوتا
پرنتو جب جاگتا ہے۔ تب اشٹ مین راگ اور انشٹ مین دویش تجھکو ہوتا ہے۔
سو یہ سب تیرا ہی بکار ہے۔ جو تو اپنے کرم اور دھرم کو پہچانے تو ایک چھن آتما سے
نرالا نہ ہووے۔ سے من جسکا ہردا کومل اور سنیہ سے سنجگت ہے۔ وہ اگیانی ہے
اور جسکا ہردا پاکھان سمان ہے۔ اور سنیہ سے رہت ہے۔ وہی گیانی ہے۔ تیسرا بندھ
اہنکار کا۔ سے من یہی اہنکار جگت کا بیج ہے جیسے دکھ کا بیج پاپ ہوتا ہے۔ سے من تو
نر اہنکار ہو رہو۔ اور یہی نشچے کرتا رہو۔ کہ نہ مین ہون۔ اور نہ جگت ہے۔ ایک دن
سب ناشوان ہوجاوینگے۔ جب تو ایسا نشچے دھاریگا تب سب جگت تجھکو
برہم روپ بھاسیگا۔ اور کسی پدارتھ کی بانچھا نہین رہیگی۔ سے من تو اہنکار کو
تیاگ دے۔ اور کوئی جتن مت کر یہی مین تجھکو بارم بار سمجھاتا ہون۔ آنند رہو۔ پرنتو
میرا اُپدیش چت لگا کر سن۔ کہ تیری بدھی درشٹی کے اور دھاوتی ہے۔ اور درشٹی

1 प्रथम
2 देह
3 व्यय
4 सेवा
5 संयुक्त
6 ध्यान
7 इष्टदेव
8 शैन
9 उपजने
10 चैतन्यतत्व
11 विस्तार
12 चैतनमात्र
13 चैतन्य
14 निश्चयदृढ
15 निर्मल
16 पञ्चात्मक बुद्धि
17 निद्रा
18 शुभ
19 अशुभ
20 विषय
21 राग
22 इष्ट
23 अनिष्ट
24 द्वेष
25 विकार
26 निरा
27 कोमल
28 स्नेह
29 संयुक्त
30 पाषाण
31 समान
32 रहित
33 बंधन
34 निरहंकार
35 वांछा
36 यत्न
37 दृष्टि

برا بھار ہے۔ جب تو آتم روپی ابھیاس کا بل کریگا۔ تب یہ بھار نِرت ہوگا۔ ہے من
نِردئی مین نے جو یہ پوتھی بڑی پرِآشرم سے بنا کر برنن کری ہے۔ تو تیرے ہی شانتی
اور سُرتی کے لیے کہی ہے۔ اسمین سرب شاشتر اور ویدون کا سدھانت ہے۔ جس کا
وید کو پاٹھ کرتے ہین اسی پرکار اس پوتھی کو نِت نیم کرکے پاٹ کرے۔ اور اُچھے پرکا
اور اُسکے رس کو ہردے مین دھارے۔ ہے من جو اسکو ایک بار سُنکر چھوڑ دیگا
تو کداچت تیری پھر اتنی نہین نِرت ہوگی۔ اور جو بارم بار اسکو بچاریگا۔ اور
پڑھیگا۔ تو اوَش تو شانتی کو پراپت ہوجاویگا۔ ہے من مورکھ اور کسی پُرش کو
مان کر اسکے سُننے اور پڑھنے کا تیاگ نہین کرنا۔ اسمین ایک دِرشٹانت مین تجھے
سُناتا ہون۔ کسی ایک منُکھ کے پتا کا کھارا کُنوان تھا۔ اور اُسکے نکٹ میٹھے
جل کا ایک اور کُنوان تھا۔ پرنتو وہ اپنے پتا کا کُنوان مانکر کھارا ہی جل پیتا رہا اور
میٹھے جل کنوئین کے جل کا تیاگی رہا۔ ایسے ہی سے ہے من تو بھی کسی پُرش کو مانکر
اِس ست شاستر کا تیاگی نہ ہو۔ نِت ہی اسکا پاٹ کرتا رہو۔ نشچے تجھکو شانتی اور
پرم پد مِلجاویگا۔ من بولا۔ کہ جتنے سنساری بھوگ ہین سب مین نے بھوگ لیے
پرنتو شانتی نہین ہوئی۔ اُولٹی اور میری ترشنا بڑھتی جاتی ہے۔ اسکا کیا کارن
ہے من ترشنا بھوگ بھوگنے سے نہین مٹتی ہے۔ اُس سے تو یہ اگنی ترشنا اور
بھڑک اُٹھتی ہے۔ جیسے پیاس لگے اور کھاری جل پان کرے۔ تو ترکھا نہین جاتی ہے
ایسے ہی وِشیون کے بھوگنے سے شانتی پراپت نہین ہوتی۔ ہے من جسکے
چت مین مین اور میری کا ابھمان نہین ہے۔ اور باشنا سے رہت ہے اُسی کی شانتی
ہوئی ہے۔ اور جسکے ہردے مین دیہہ اور گیہہ کا سنبندھ ہے۔ اور میرے گریہہ آدک کا
ابھمان ہے۔ اسکو کداچت بھوگون سے شانتی نہین ملتی ہے۔ اور شانتی بنا سکھ
نہین ہے۔ ہے من تو نِت ہی اس پوتھی کو سُنتا رہو۔ اور بچار کرتا رہو اُس سے

1 भार
2 बल
3 निरन्तर
4 निरदेह
5 आश्रम
6 वर्णन
7 निश्चित
8 सर्व
9 सिद्धांत
10 नित्यनेम
11 रस
12 अनुभूप
13 फल
14 मानकर
15 दृष्टान्त
16 मनुष्य
17 खारा कुवां
18 निकट
19 मीठे
20 त्यागी
21 नित्य
22 कारण
23 भड़क
24 प्यास
25 पान
26 तृषा
27 अभिमान
28 रहित
29 सम्बन्ध
30 ग्रेह
31 नित्य

اہنتا اور ممتا تیری دور ہو کر تجھکو شانتی پراپت ہو جاویگی۔ ہے من تو ہردے سے
شِلاوت ہو رہو۔ کہ چت تیرے سے کچھ نا پھرے باہر باہر سب اندریوں کی کریا
پرنتو نشچایت گپت رہے۔ ہے من تو سرب اندریوں کو ایس پرکار دھار۔ کہ جیسے
سرب وشی کو آکاش دھار رہا ہے۔ ہے من تو انتر سے پتھر کیا نیاہیں ہو رہو۔ کہ تجھکو
دیکھیے ماترا اہنکار درشٹی میں آویگا۔ من بولا۔ کہ میں برے کرموں سے بہت ڈرتا ہوں
پرنتو میرا چت شبھ وان اور پدارتھوں سنسار کو دیکھ کر جھٹ پٹ لوبھائمان ہو جاتا ہے
اسکا کیا اوپائے ہے۔ ہے من میں کہتا ہوں۔ کہ تو نہیں ڈرتا ہے۔ جو تو ڈرتا تو برے کرم
کبھی نہیں کرتا نشچے جان کہ کھوٹے کرموں کا دکھ یہاں بھی ہوتا ہے۔ اور پرلوک میں بھی ہوگا
اس سے کداچت کرم مت کر۔ اور جو تو جانے۔ کہ اس شریر سے کھوٹا کرم اوتپت ہو
تو کداچت نت ہی نشچے کرموں میں پرورت رہو۔ بھوجن اوتنا ہی کھا۔ کہ جیسے کہ کھانے
آلس نہ آوے جیسے کہا ہے۔ آدھے پیٹ کو بھوجن سے بھرے۔ اور چوتھائی بھاگ
جل پیوے۔ اور چوتھائی بھاگ رکتا رکھے۔ کہ جو پران باسے سکھ سے آوے۔ اور
جاوے۔ اور جو کچھ پدارتھ پرابدھ انوسار پراپت ہو جاوے اسی کے اوپر سنتوش
کرے بہت کے کارن اودیم نہ کرے۔ اور ایسے استھان پر باس کرے۔ کہ جہاں آنند
اور استھر چت رہے۔ جیسے اجودھیا کاشی رکھے کیش ہے اور دھیان اس
پرماتما کا سدا کال ہردے میں دھارے یہانتک کہ پریت استری اور جرا اور
چھین کے چت سے نورت ہو جاوے۔ اور سدھ اپنے شریر کی بھول جاوے اور
ایشر پرماتما جو سارے شریروں میں سوکشم روپ ہے۔ درشٹی آنے لگے۔ اور چھودا
اور ترشنا شیت اور اوشن اپنے شریر میں بادھا کرے۔ ہے من جب تو ایسا سادھن
کریگا۔ تو جیون مکت ہو جاویگا۔ من پرشن کرتا ہے۔ کہ آکاش کے پرکار کے ہیں۔ ہے من
ایک بھوت آکاش ہے۔ دوسرا چت آکاش۔ تیسرا چدا کاش۔ یہ بھوت آکاش

1 अहंता
2 ममता
3 शिलावत
4 क्रिया
5 निश्चय
6 गुप्त
7 सर्व
8 विषय
9 अंतर
10 पत्थर
11 दृष्टि
12 शुभ पद
13 लोभायमान
14 उपाय
15 बुरे कर्म
16 दुष्ट कर्म
17 इत्यादि
18 कदाचित
19 नित्य
20 शुभ
21 प्रवृत्त
22 आलस
23 चौथाई भाग
24 रिक्ता
25 प्राण वायु
26 प्रारब्ध अनुसार
27 संतोष
28 उद्यम
29 अस्थान
30 वास
31 इस्थिर
32 ध्यान
33 प्रीत
34 निवृत्ति
35 सुध
36 सूक्ष्म
37 रूप
38 क्षुधा
39 तृषा
40 शीत
41 उष्ण
42 बाधा
43 साधन
44 भूत आकाश
45 चित आकाश

چِت آکاش کے آسرے ہے۔ اور چِت آکاش چِدآکاش کے آسرے ہے۔ چِدآکاش
اسکو کہتے ہین جو سنکلپ کے تیاگنے کے پشچات جو شیش رہتا ہے۔ وہ چِدآکاش ہی یہ
سب جیو بھوت آکاش کے آسرے بِچرتے ہین۔ اور چِت جسکے آسرے سے ایک چھن مین
دیش دِشانتر مین بھٹکتا ہے۔ سو چِت اکاش ہے۔ ہے من اس پوتھی کے بچارنے سے
اور کسی تپ تیرتھ دان آدک کی سادھنا نہین رہتی ہے۔ جہان استھان تو تر ہو وہان
بیٹھ جاوے۔ اور جیسا گھر مین بھوجن و دان ہو ویسا کھان پان کرے۔ ہے من
جو آتم بچار سے رہت ہے۔ اسکا جینا برتھا ہے۔ وہ لوہار کی پھوکنی کی نیائین سواس لیتا ہے
اور جنکو بچار ہے۔ انکو یہ سب پدارتھ آتم روپ ہو جاتے ہین۔ ہے من مورکھ جو ایک
سواس بھی آتم بچار سے رہت ہوتا ہے۔ سو برتھا جاتا ہے۔ ایک سواس کے سمان
سمپورن دھن پرتھوی کا نہین ہے۔ جو سمپورن رتن پرتھوی کے دیجئے تو بھی گیا ہوا
سواس پھر نہین مِل سکتا ہے۔ جو ایسے سواس کو برتھا گنواتے ہین۔ وہ منش نہین ہین
وہ پشو ہین۔ اور ہے من جب تو اندریون کے وشیون کے سنمکھ ہوتا ہے تب تجھے
جگت بھاستا ہے۔ اس سنکلپ جگت کو تو دیکھ دیکھ راگ دویش کرتا ہے۔ پھر اندریون کے
ارتھ پاکر پھر دکھ وان اور شوکوان ہوتا ہے۔ دھرکار ہے۔ ایسے تیری برتی کو۔ ہے من کیا
تو نہین جانتا ہے۔ کہ یہ سنسار متھیا روپ ہے۔ چار دن کی چاندنی پھر اندھیری رات ہے
ہے من کیول ایک آتم درشٹی ہی سب سے اُتم ہے۔ جسکے پانے سے سارے دکھ ناش
ہو جاتے ہین۔ چرکال سے جو ترِبدھ تاپ چلے آتے ہین۔ انسے تپا ہوا جو تو ہے اسکے
نشٹ کو بھی یہی آتم بچار ناش کرتا ہے۔ جیسے اندھکار کو پرکاش ناش کرتا ہے۔ ہے من
اب کیا سوچ کرتا ہے۔ جو کچھ پشچات ہوا سو ہو بیتا۔ اب آگے کو جاگ اور اپنے نج سروپ
کو پہچان۔ کہ تو بھی آتما روپ ہے۔ جو کچھ کہ جگت کی پدارتھ تجھکو بھاستے ہین۔ سو سب
روپ ہین انہین پریتی نہ کر۔ آتما ہی ست ہے۔ اسکا ہی انبھو درڑھ ابھیاس کے ساتھ

1 विचरते
2 संग
3 दिशादिशान्तर
4 भटकता
5 साधना
6 स्थान
7 पवित्र
8 विद्यमान
9 खानपान
10 रहित
11 जीना
12 वृथा
13 फूकनी
14 स्वास
15 रहित
16 समान
17 सम्पूर्ण
18 मनुष्य
19 पशु
20 सन्मुख
21 भासे
22 वृत्ति
23 मिथ्या
24 केवल
25 आत्मदृष्टि
26 चिरकाल
27 त्रिविधिताप
28 नष्ट
29 अंधकार
30 प्रकाश
31 पश्चात
32 जो बीता
33 निज
34 भासते
35 असत्य
36 प्रीति
37 अनुभव

کرتا ہو کہ مجھکو شانتی ملے - من بولا کہ چت سکے کر پرتی ہین مجھکو بھن بھن کرکے بتلاؤ
ہے من چت کے تین برتی ہین - ایک جاگرت دوسرے سپن تیسرے سکھپتی
جب اس چت کی برتی باہر کو پھرتی ہی - تب اسکو جاگرت کہتے ہین - اور جب انتر کو
پھرتی ہی - تب اسکو سپن کہتے ہین - اور جب چت کی برتی استھت ہوتی ہی - تب
اسکو سکھپتی بولتے ہین - ہے من جاگرت اور سپن اور سکھپتی اور تریا یہ چارون
دیو ہین جاگرت جو سرشٹی کی سمشٹا ہی - اسکا نام ویراٹ ہی - سپنا جو لنگ شریر
سمشٹا ہی - اسکا نام ہرن گربھ ہی - جو سکھپتی شریر کے سمشٹا ہی - اسکا نام مایا ہی
تریا سرب شریر کی جو سمشٹا ہی - سو چیتن روپ آتما ہی - اور تریا ساکھشی بھوت
جاننے کو کہتے ہین - اسکی سمشٹا روپ چیتن دیو ہی - اور چارون شریر اسکے ہین
اور وہ شدھ نراکار اور اچنت اور چنماتر ہی - ہے من چرکال سے درپن پرکاش ارتھون کا
تجھکو ابھیاس ہو رہا ہی اس لیے درشٹ ارتھ تجھکو چاپایان کرلیتے ہین - جب تو ست شاستر کا
بچار اور سنتون کا سنگ درڑھ ابھیاس کے ساتھ کریگا تب درس کا ست بھاو بھی نورت ہوجاویگا
اور جب تک یہ اوپائے موکش کا پراپت نہین ہوتا ہی - تب تک یہ بھرم درڑھ ہو رہا ہی
جب سنتون کے سنگت اور ست شاستر کے بچار سے تجھکو یہ بچار اوپجے - کہ مین کون ہون
اور یہ جگت کیا ہی - ایسا بچار کرکے ہے من جب تو آتم پد کا درڑھ ابھیاس کریگا تب
درش بھرم مٹ جاویگا - کیونکہ آتمیک گیان کرکے یہی جگت بھاشتا ہی - اور جب
سمیک گیان ہوا تب جگت کا ست بھاو کیسے رہے - من پرشن کرتا ہی - کہ جو پرش
پر دارا سے بھوگ بلاس کرتا ہی - اسکو پرلوک مین کیا پھل ملتا ہی - ہے من استری کا
سرپانت اور سنو بھاری پوتھی مین پورب لکھ آیا ہون - اور اب تیرے پرشن انوسار
پھر لکھتا ہون - ہے من استری لکھو پاتش کی پتلی ہی - جو پرش استری کو سندر دیکھ کر
پرسن ہوتے ہین - اور کہتے ہین - کہ اسکے کپول کمل وت اور نیتر کھونر سووت اور ہونٹ

1 वृत्ति
2 भिन्नभिन्न
3 जाग्रत
4 स्वप्न
5 सुषुप्ति
6 वृत्ति
7 स्थूलसूक्ष्म
8 स्थित
9 तुरिया
10 चारि
11 समष्टता
12 विराट
13 सूत्र
14 लिंग शरीर
15 हिरण्यगर्भ
16 सुषुप्ति
17 माया
18 तुर्यासाक्षीभूत
19 चैतन्यदेव
20 स्वरूप निराकार
21 अचिंत्य
22 चिन्मात्र
23 चिरकाल
24 दर्पणवत्प्रकाश
25 सत्तापकाल
26 सद्भाव
27 निवृत्ति
28 उपाय
29 भ्रम
30 संग
31 उपजे
32 असंसक
33 समथक
34 कृपा
35 पुरुष
36 परदार
37 भोग
38 विलास
39 फलोत
40 शोभा
41 पूर्व
42 स्वरूप
43 मास
44 युवती
45 असम्य
46 कपाल
47 कमलवत
48 नेत्र
49 होठ

سننے والے ہین۔ اور سب انگ اسکے سندر رہین۔ وہ مورکھ موہ سے موہت ہوتے ہین
اور اپنے ناش کے نمت ایسی ایسی باتین کرتے ہین۔ اور جس پرش نے پر استری سے
بشے بلاش کیا ہے۔ وہ بڑے بڑے دکھ پاتا ہے۔ جیسے پہاڑون مین پسنے کا دکھ۔ اور جیسے
انگارون اور پتھرون کی برکھا کا دکھ پاکر اندھ کوپ مین گرتا ہے۔ اور جن نیترون سے
پر استری کو بری درشٹی سے دیکھتا ہے۔ تو پرلوک مین اسکے نیتر چھری سے
کاٹے جاتے ہین۔ اور جم کے دوت اسکو کشٹ دیتے ہین۔ سے ہے من جو شبھ کرم
کرتے ہین۔ وہ سورگ بھوگتے ہین۔ اور جو اشبھ کرم کرتے ہین وہ نرک مین جاکر نانا پرکار
کشٹ اور دکھ پاتے ہین۔ سے ہے من تو اس کلپنا کو دور کر۔ کہ یہ وستو رمنیک ہے مجھکو
پراپت ہو۔ اور یہ ارمنیک ہے یہ نہ پراپت ہو۔ جب تو ایسا ہوگا۔ اور سادھ اور سنت
جنون کی سنگت کریگا۔ تب شانتی کو پراپت ہوگا۔ من بولا سنت جنون کے کیا
لکھشن ہین مجھسے کہو۔ سے ہے من جو اچھے سنت جن اور مہاتما ہین۔ انکے یہ لچھن ہین
۱ سروپ پا بننا اور اچھا کا تیاگ ۲ کم بولنا ۳ جب کہنا تب ست کہنا ۴ نراہنکار
ہونا ۵ سنتوش کرنا ۶ دکھی پرش پر دیا کرنا ۷ استری اور استری کے سنگی سے
بچنا ۸ دکھ مین دھیرج وان رہنا ۹ ست شاستر سننا اور بچارنا ۱۰ بہت سنیہی کے
ساتھ نہ کرنا ۱۱ سنت جنون کا اور پرمیشور کا سنگ کرنا ۱۲ اوم کا جپ کرنا۔ اور
اوچارنا اور اسکے ارتھ کو بچارنا ۱۳ ابھیاس شاستر ابھیاس کرنا ۱۴ جو کچھ سوبھاوک
پراپت ہووے اسکو شاستر ودھی سہت انگی کار کرنا ۱۵ دان کرنا ۱۶ اشنان آدک
شبھ کرم کرنا ۱۷ اودارتا یعنے سخی ہونا ۱۸ سب وشیون بھوگ اور سورگ لوک سے
ویراگ کرنا ۱۹ شم ہونا یعنے من کو روکنا ۲۰ دم یعنے اندریون کو اپنے بس مین کرنا
سے ہے من جسمین یہ بیس لکھشن ہون وہ سنت جن ہین۔ وہ اپنے چت کو بھی روکتے ہین
اور جو کوئی انکے نکٹ جاتا ہے۔ تو اسکی بھی رکشا کرتے ہین۔ سے ہے من جو مین نے

१ पंगा
२ मोहित
३ निमित्त
४ विषयविलास
५ वर्षा
६ अंधकूप
७ दृष्टि
८ दूत
९ शुभकर्म
१० अशुभकर्म
११ कल्पना
१२ वस्तु
१३ रमणीक
१४ अरमणीक
१५ सज्जनो
१६ लक्षण
१७ सज्जन
१८ वासना
१९ सत्य
२० निरहंकार
२१ स्वरूप
२२ दया
२३ स्त्रीकेसंगी
२४ धैर्य
२५ स्नेह
२६ संग
२७ होम
२८ उच्चारण
२९ अर्थ
३० शास्त्राभ्यास
३१ चेष्टा
३२ सुभावक
३३ स्वीकार
३४ शुभकर्म
३५ उदारता
३६ निकट

یہ شُبھ گُن برنن کیے ہیں سو جیووں کے سُکھ دینے والے ہیں۔ اور دُکھ کو نِبرت کرنے والے
ہیں۔ ہے من سنت جنوں کا سُبھاو برتھا نہیں جاتا۔ جیسے اگنی سے ملا ہوا پدارتھ
اگنی روپ ہو جاتا ہے تیسے ہی سنتوں کے سنگ سے اسنت بھی سنت ہو جاتا ہے۔ اور
جو مورکھوں سے سنگتی کرتا ہے۔ تو سنت بھی مورکھ ہو جاتا ہے۔ جیسے اُجّل وستر مل کے
سنگ سے ملین ہو جاتا ہے۔ تیسے مُوڑھ کے سنگت سے سادھ بھی اسادھ ہو جاتا
کیونکہ پاپ کے دوش سے سادھو کو بھی درجنوں کی سنگتی سے درجنیا آن اودے
ہوتی ہے۔ سو ہے من اس لیے تو سنت مہاتماؤں کی سنگتی کر اور درجنوں کا سنگ
تیاگ دے۔ ہے من، تو نے دو چار پوتھی بھی دیکھی ہیں۔ اور کہا اور درشٹانت
شاستروں کی بھی سُنے ہیں۔ پرنتو ابھی تک تو نے سنگت مہاتماؤں اور سنت
جنوں کی نہیں کری ہے۔ اس کارن تیرے ہردے میں پرماتما کا گیان نہیں ہوتا ہے
اب تو سادھوں کی سنگت میں رہو۔ اور سنت جنوں کی سیوا کر۔ من بولا سنت مہاتما
لوگ کہاں رہتے ہیں۔ وہ مجھکو کیسے پراپت ہوں۔ اور یہ کلجگ ہے۔ اسمیں پرم ہنس مہاتماؤں کا
سنگ ملنا بڑا درلبھ ہے۔ نیچاپ جیسے دھارے تو سنت جن بہت ملتے ہیں۔ پرنتو
اُنسے میری شانتی نہیں ہوتی ہے۔ ہے من اس کلجگ میں بھی سنت مہاتما بہت ہیں
پرنتو دور دور تیرتھوں سے ملتے ہیں۔ گھر بیٹھے نہیں ملتے۔ جن ڈھونڈا اُن پایاں پایا
سب وہ ہیں۔ اور وہ پوتر استھان میں باس کرتے ہیں جیسے اجودھیا آدک تیرتھ ہیں
جو تو نشچے کر کے ڈھونڈے گا۔ تو اوش ملجاوینگے۔ اور ہے من جو کوئی تجھکو سادھو
ملجاوے۔ اور جسمیں ایک گُن بھی شُبھ ہو۔ تو اسکو بھی انگیکار کر لینا۔ پرنتو سادھو کے
دوش نہ بچارنا۔ اسکا شُبھ گُن سو ہی کار کر لینا چاہیے۔ جیسے بھونرا کیتکی کے
کانٹوں کے اور نہیں دیکھتا۔ اُسکی سُوگندھ کو ہی گرہن کرتا ہے۔ ایسے ہی تو بھی اپنا
ارتھ نکال لینا۔ من پرشن کرتا ہے۔ کہ اَودیا کا کیا روپ ہے۔ ہے من اَودیا کا

۱ मुमुक्षु
۲ बर्णन
۳ निवृत्ति
۴ वृथा
۵ असंत
۶ [illegible]
۷ मूर्ख
۸ उज्जलवस्त्र
۹ मल
۱۰ मलीन
۱۱ मूढ़
۱۲ संगति
۱۳ असाध
۱۴ विषय
۱۵ दुर्जनी
۱۶ दुर्जिनता
۱۷ ज्ञान
۱۸ उदय
۱۹ दृष्टांत
۲۰ इसकारण
۲۱ प्रकाप्त
۲۲ सेवा
۲۳ कलु
۲۴ परमहंस
۲۵ संग
۲۶ दुर्लभ
۲۷ पाखंडवेष
۲۸ शान्ति
۲۹ दौड़
۳۰ धूप
۳۱ पावनस्थान
۳۲ वास
۳۳ तीर्थ
۳۴ अवश्य
۳۵ गुण
۳۶ शुभ
۳۷ अंगीकार
۳۸ दोष
۳۹ स्वीकार
۴۰ सुगन्ध
۴۱ ग्रहण
۴۲ अर्थ
۴۳ प्रश्न
۴۴ अविद्या

کوئی روپ نہیں ہے۔ اویکت ہے۔ پرنتو وہ بھیتر سے شونیہ ہے۔ اور باہر سے سپرش ارتھ
سے سنیکت بھاستا ہے۔ جیسے اکاش میں اندر دھنش نانا پرکار کے رنگ دکھائی دیتا
آتا ہے۔ پرنتو انتر سے وہ دھنش شونیہ اور ان ہوتا بھاستا ہے۔ ایسے ہی اودیا ان
ہوتی بھاستی ہے۔ اور جیسے اندر دھنش جل روپ میگھ کے آشرے رہتا ہے۔ تیسے ہی
یہ اودیا جڑ اور مورکھ منش کے آشرے رہتی ہے۔ اور یہ اودیا جڑم کی کرنیوالی۔ اور شبھ
بستوون سے رچی پھیرنے والی اور سیدھی مارگ سے ٹیڑھی مارگ چلانے والی
ہے من سا ودھان ہو۔ اور اودیا کو تیاگ اور برہم ودیا کو سیکھ۔ اور پرم ایشر کا
آشر لے۔ اور آتم پد کو پراپت ہو۔ کہ تجھے شانتی ملے۔ من پوچھتا ہے۔ کہ کارن کے
پرکار کے ہیں۔ سنت من کارن دو پرکار کے ہوتے ہیں۔ ایک تو نمت کارن
جیسے گھٹ کا کارن کمہال ہے۔ دوسرے سمواے یعنی اپادان کارن۔ جیسے
گھٹ مرتکا کا کارن ہے۔ اور جو دونوں کارن سے اوپتن ہوتا ہے۔ سو وہ سکارن پدارتھ
کہلاتا ہے۔ آتما دونوں پرکار سے جگت کا کارن نہیں ہے۔ آتما ادویت ہے۔ اسلئے نمت
کارن نہیں ہے۔ اور سمواے کارن اس سے نہیں کہ اپنے سروپ سے ہنتا بھاو
نہیں ہوا جیسے مرتکا پرنام کر گھٹ ہوتا ہے۔ تیسے آتما کا پرنام جگت نہیں ہے۔ آتما
اچیت ہے۔ من بولا سمرتی کس کو کہتے ہیں۔ اور سمرتی کس کی ہوتی ہے۔ سنت من سمرتی اس کو
کہتے ہیں۔ اور سمرتی اسکی ہوتی ہے۔ کہ جس پدارتھ کو پہلے دیکھ لیا ہو۔ سنت من آتم کے بیچ
آدمیں کوئی پدارتھ جگت آدک نہ تھا جسکی سمرتی کو ماننیے اس جگت کے آدمیں تو کیول
ادویت آتم سٹا ہے۔ اسمیں سمرتی کیا ہے۔ سنت من پہلے تو یہ دیکھ کہ گیانی کو جگت نہیں
بھاستا اسکو سمرتی کس کی کہیئے۔ اسکو تو کیول پرم سٹا ہی دکھلائی دیتی ہے۔ جیسے سنت
راتری کی سمرتی نہیں ہوتی تیسے گیانی کو جگت کی سمرتی نہیں ہوتی۔ سنت من
جان کہ یہ جگت نہیں ہوا ہے۔ اور نہ آگے ہوگا کیول برہم سٹا جو لتنے میں آتی ہے

१ अव्यक्त
२ भीतर
३ शून्य
४ स्पर्श
५ संयुक्त
६ इन्द्रधनुष
७ दृष्टि
८ अस्त
९ अनहुता
१० अविद्या
११ अनहुति
१२ मेघ
१३ आश्रय
१४ जड़
१५ मूर्ख
१६ मनुष
१७ आश्रय
१८ रुचि
१९ टेढ़मार्ग
२० आश्रय
२१ कारण
२२ निमित्त
२३ घट
२४ कुम्हाल
२५ समवाय
२६ उपादान
२७ मृत्तिका
२८ सकारण
२९ अहंताभाव
३० मृत्तिका
३१ परिणाम
३२ घड़
३३ अच्युत
३४ स्मृति
३५ आदि
३६ अद्वैत
३७ आत्म सत्ता
३८ ब्रह्म सत्ता

سو اَدْویت ہی اُسکا بھی ابھاؤ ہی جو ابھیاس کو اَنِیت جانئے تو سمرتی کو بھی اَسَت
مانئے۔ جیسے سپنے مین جو سرشٹی کا ابھیاس ہوتا ہی۔ اور اُسمین اَنْ بھو اور سمرتی
ہوتی ہی۔ اور جاگنے پر اُسکی سرشٹی کا اَن بھو اور سمرتی کا ناش ہو جاتا ہی۔ اور جیسے
کوئی مَرُو استھل مین ندی کو دیکھتا ہی۔ اور اَسَت جانکر اُسکی سمرتی کرتا ہی۔ سو وہ
ندی تو کچھ ہی نہین۔ اور جب ندی اَسَت ہی۔ تو اُسکی سمرتی کیسے ست ہووے
ایسے ہی اگیانی کے نشچے مین جو جگت بھاشت ہوا ہی۔ سو اَسَت ہی۔ اُسکی سمرتی
اور اَن بھو کیسے ست ہووے۔ سبے من سمرتی تو پدارتھ کی ہوتی ہی۔ سو پدارتھ
کوئی نہین سرب برمھ ہی اپنے آپ مین استھت ہی۔ اور جیسے جیسے پھرنا ہوتا ہی
تیسے ہی ہو کر بھاستا ہی۔ من بولا پہلے منش کا شریر ایت داہک تھا۔ پھر ادھی
بھوتک ہو گیا۔ اِسکا کیا کارن ہی۔ اور ایت داہک۔ اور ادھی بھوتک کِسکو
کہتے ہین۔ یہ بھن کر کے کہو۔ سبے من برہما جی کا شریر ایت داہک ہی اکاس روپ کہ
جب برہما جی کو درڑھ سنکلپ ہوا تو اُسی ادھی بھوتک سے جگت رچا گیا۔ اور اُسی
من سے ہی من تو ہوا ہی۔ اور جیسے برہما کا شریر ایت داہک ہی تیسے ہی سب شریر ایت
داہک ہین۔ پرنتو سنکلپ کے درڑھتا سے ادھی بھوتک بھاسنے لگا۔ ایت داہک
اُسکو کہتے ہین۔ کہ جسنے بھوت بھوشیت برتمان تینون کال کا گیان ہو اور جہان من
چاہے اُس استھان پر چھن ماتر مین چلا جاوے۔ اُسکو کوئی نہ دیکھے۔ اور وہ
سبکو دیکھے۔ اور ادھی بھوتک وہ ہی۔ کہ جو شریر منش کا ہوتا ہی۔ وہ اگیان اور
مورکھتا مین پڑا رہتا ہی۔ اِس لیے وہ اپنی دیہہ سے چلایمان نہین ہوتا ہی۔ من
پرشن کرتا ہی۔ کہ آتما کیا وستو ہی۔ اور اُسمین جگت کیسے بھاستا ہی۔ بستار پوربک
مجھسے برنن کرو۔ سبے من آتما اوستو روپ ہی۔ اور جیسے اکاش مین نیلتا اور
بازی گر کی بازی۔ اور رسی مین سرپ اور سیپی مین رجت اور پرچھائین مین

1. अभाव
2. असत्य
3. अमूर्त
4. सृष्टि
5. अनुभव
6. मरु स्थल
7. नदी
8. भासता
9. असत्य
10. अनुभव
11. फुरना
12. मनुष्य
13. शरीर
14. इत्वाहक
15. अधिभौतक
16. भिन्नभिन्न
17. दृढसंकल्प
18. भूत
19. भविष्यत
20. वर्तमान
21. काल
22. स्थान
23. क्षणमात्र
24. मूर्खता
25. देह
26. चलायमान
27. प्रश्न
28. वस्तु
29. भासता
30. विस्तारपूर्वक
31. अवस्तुरूप
32. नीलता
33. रजित
34. परछाईं

پشاچ بھرم سے بھاشتا ہے۔ تیسے ہی آتما مین جگت بھرم سے ہی بھاشتا ہے۔ پرنتو جب اپنے سروپ مین جاگتا ہے۔ سب بھرم مِٹ جاتا ہے۔ ہے من جو کچھ کہ سب بھاونا کی دڑھتا سے ہے۔ اور کچھ نہین جسمین بھاونا دڑھ ہوگئی ہے۔ وہ سَت بھاشنے لگا ہے من آدِ شُدّھ مین کیول آتم ستیا تھی اُسمین جب چِت سموِیت پھُرے۔ تب جگت روپ بھاشنے لگا جسکا کوئی کارن نہین۔ اُسکو اسَت جاننا چاہیے۔ کیونکہ واستو مین کچھ بنا نہین ہے سب جگت شانت روپ برہم ہی ہے۔ ہے من یہ جگت آکاش وت شونیہ اور نراکار اور نروکار ہے۔ اور نراکار مین آکار اور نروکار مین وکار بھاشتے ہین۔ اور یہی آشچرج ہے۔ کہ سب آکار جو درشٹی مین آتا ہے۔ سو وہی نراکار روپ ہے برہم ستیا ہے اِس پرکار ہوکر بھاشتی ہے۔ ہے من اس جگت اَسَت بھی کبھا نہین جاتا۔ جو وہ اسَت ہوتا تو پرلے ہوکر پرتھوی جل وایو تیج آکاش پرگٹ نہین ہوتا۔ اور پرلے ہوکر پھر جو اُتپن ہوتے ہین وہ بھی نہین ہوتے۔ اِس سے یہ جگت اسَت نہین چیتن روپ آتما کا ہے یہ سوبھاو ہے۔ کہ آتم ستیا ہی اِس پرکار ہوکر بھاشتی ہے۔ ہے من پنچ بھوت پرتھوی جل وایو تیج آکاش اور چھٹے من تو تیرا ہی نام جگت ہے۔ جب تک یہ بھوت اُسمین درشٹی آتے ہین۔ تب ہی تک بھرانتی ہے۔ اور جب ان سے رہت کیول چیتن بھاشتے۔ تب اُسکا نام پرم پد ہے ہے من جب تو آتما مین آتم ابھمان کرتا ہے۔ تب آپکو وکاروان جانتا ہے۔ اور آپکو جینا اور مرنا مانتا ہے۔ اور جب تو دیہ ابھمان کو تیاگ کرکے آتما کو آتما مانتا ہے تب جیتا ہے۔ اور نہ مرتا ہے نہ شستر سے کٹتا ہے۔ نہ اگنی سے دگدھ ہوتا ہے نہ جل ڈوبتا ہے۔ نہ پون سے سوکھتا ہے۔ ہے من چیتن آتما کے مرتیو کبھی نہین ہوتی شریر مرتا ہے۔ اور شریر کے کاٹنے سے آتما نہین کٹتا ہے۔ اور شریر کے دگدھ ہونے سے آتما دگدھ نہین ہوتا ہے سمپورن وشو بھسم ہو جاوین تو بھی آتما بھسم نہین ہوتا آتما

1 पिशाच
2 भ्रम
3 भावना
4 दृढता
5 [illegible]
6 आत्म सत्ता
7 चित्तसंवित
8 फुरी
9 वास्तव
10 सर्व
11 आकाशवत
12 शून्य
13 निराकार
14 निर्विकार
15 आकार
16 विकार
17 आश्चर्य
18 दृष्टि
19 [illegible]
20 असत्य
21 प्रलय
22 प्रगट
23 उत्पन्न
24 चैतन्यरूप
25 सुभाव
26 आत्मसत्ता
27 पंचभूत
28 भूत
29 दृष्टि
30 भ्रान्ति
31 रहित
32 चैतन्य
33 अध्यास
34 आत्म अभिमान
35 विकारमान
36 देह अभिमान
37 शस्त्र
38 दग्ध
39 पवन
40 चैतन्यआत्मा
41 [illegible]
42 सम्पूर्ण
43 विश्व
44 भस्म

نت شُدھ اور اجنبا رُوپ ہی۔ کہ اَچیت وہ سرُوپ ہے دوسرے بھاوکو پراپت
نہین ہوتا ہے۔ ہے من پھُرنی اور اُپھُرنی مین بھی وہی ہی۔ پرنتو پھُرنی سے جگت
بھاشتا ہی۔ سو جگت بھی کچھ وستو نہین ہی۔ یہ بھی وہی رُوپ ہی۔ ہے من گیانی کے
نشچے مین تو برہم بھاشتا ہی۔ اور اگیانی کے نشچے مین جگت درشٹی آتا ہی۔ سو جگت
متھیا ہی۔ جیسے نیتر کا کھولنا اور مُوندنا ہوتا ہی۔ تیسے ہی آتما مین جگت کی اُتپتی
اور پرلے ہوتی ہی۔ ہے من جب چت سنبیدن پھُرتی ہی۔ تب جگت رُوپ ہو کر
بھاستا ہی۔ اور جب پھُرنے سے رہت ہو جاتی ہی۔ تب جگت کا ابھاس ہو جاتا ہی
ہے من جگت کی اُتپتی اور پرلے مین آتم ستا جیون کے تیون رہتی ہی۔ اور جیسے کھولنا
اور مُوندنا نیترون کا سُبھاو ہی۔ تیسے ہی پھُرنا اور نہ پھُرنا سنبیدن کی سُبھاو ہین
اور جیسے وایُو جب چلتی ہی تب ہی بھاشتی ہی۔ اور سُگندھ دُرگندھ دیتی ہی۔ اور جب
وایُو نہین چلتی۔ تب کچھ بھی نہین بھاشتی اور سُگندھ دیتی ہی۔ نہ دُرگندھ۔ اِس لیے جو جگت
بھاستا ہی۔ سو آتما ہی رُوپ ہی۔ بھِن نہین اور جگت کی اُتپتی استھتی اور پرلے
یہ تینون آتما ہی کا ابھاس ہی۔ ہے من یہ سب پدارتھ جو سنکلپ سے رچے ہوئے ہین
سو سب ہی آتم سرُوپ ہین۔ اور کچھ نہین۔ ہے من برہم رُوپی آکاش سے جب
اُسکی سوکشم انُو مین پھُرنا ہوا۔ کہ اہنکار اسمی یعنی مین ہون۔ تب اُسکے انُو نے آپکو
جیو جانا۔ جیسے اپنے سپنے مین کوئی پرش آپکو جیو جانے۔ اور سرب آتما ہو وسے
ایسے ہی بُدھ انُو سرب آتما اہنکار انگی کار کرکے جیو جاننے لگا۔ اور اُسمین جو نشچے
ہو گیا۔ وہی بدھی ہو گئی۔ اور جیسے وایُو کا پھُرنا ہوتا ہی۔ تیسے ہی اُسمین سنکلپ وکلپ
رُوپی پھُرتی ہوئی اور اُسیکا نام ہی من تو ہوا ہی۔ ہے من تیرے ساتھ ملکر جیو انو
دیہہ کو چیتا۔ اور اُسکو اپنے آپ مین دیکھا اور انُو یہان بھاشنے لگین۔ اور تھا بے
انو نے اپنے ساتھ شریر کو دیکھا۔ اور جانا کہ یہ شریر میرا ہی۔ جیسے کوئی سپنے مین

1 नित्य
2 अद्वय
3 सचित्य
4 कदाचित
5 भाव
6 फुरने अफुरने
7 दृष्टि
8 मिथ्या
9 नेत्र
10 उत्पत्य
11 प्रलय
12 चित्त संवेदन
13 फुरती
14 रहित
15 अभाव
16 आत्मसत्ता
17 सुभाव
18 संवेदन
19 वायु
20 सुगंध
21 दुर्गंध
22 भिन्न
23 उत्पत्ति
24 अस्थित
25 प्रलय
26 अभाव
27 संकल्प
28 स्वरूप
29 सूक्ष्म अणु
30 फुरना
31 अहंब्रह्मास्मि
32 अनेक
33 स्वप्न
34 विद्वान
35 सर्वात्मा
36 अहंकार
37 अंगीकार
38 बुद्धि
39 वायु
40 संकल्प
41 विकल्प
42 देह
43 चेता
44 स्वप्न

اسپنے ... ہاتھ شریر کو دیکھے - تو بڑا استھول شریر درشٹی مین آوے - ایسے ہی استھول
شریر کو اسپنے ساتھ دیکھا - اور جیسے شیشے مین شوکشم ان تھوسے بڑے پربت دکھائی دیتے
ہین - تیسے شوکشم انو سے استھول ویراٹ شریر بھاسنے لگا پھر اسمین دیش اور کال
کی کلپنا کری - نانا پرکار کے استھاور جنگم پراپی تجھ کو بھاسنے لگے جیسے سپنے مین دیش
اور کال اور پدارتھ بھاستے ہین - ہے من یہ سب تیرا ہی بکار ہے - آتما تو شدھ
چیتن روپ ہے - اور نرلیپ ہے - ہے من اسی نت شانت اور چد گھن روپ آتما مین
یہ جگت استھت ہے - اور وہ ادھشٹان ستتا سدا شانت روپ ہے - اسمین بھید
کدا چت نہین - جیسے جل مین ترنگ الگ بھید نہین - اور سورن مین بھوشن الگ نہین
ہین - تیسے ہی جگت آتما مین الگ نہین روپ ہے - اور جیسے بیج کے انتر پھول اور
پھل اور سمپورن برکھش ہوتا ہے - سو آدی بھی بیج ہے - اور انت بھی بیج ہے - جب پھل پک جاتا ہے
تب بھی بیج ہی ہو جاتا ہے - تیسے ہی آتما مین بھی جگت ہے - پرنتو سدا سم ہے - کدا چت
بھید و کار پرنام ارتھات تغیر کو پراپت نہین ہوتا ہے - اور جو کچھ شبد اور ارتھ ہین
وہ آتما سے بھن نہین - برکھش کے آدی مین بیج ہے - اور انت مین بھی بیج ہے - اور
جو کچھ بیچ مین بستار بھاستا ہے وہ بھی وہی روپ ہے - بھن کچھ نہین - تیسے جگت کے
آدی بھی آتم ستتا ہے - اور انت اور مدھ مین بھی وہی ہے - جیسے جل مین ترنگ جل روپ
ہوتی ہے - تیسے ہی برہم مین جگت بھی برہم روپ ہی ہوتا ہے - جو کوئی سم اور شانت
روپ ... اور ستت و ت استھت ہے - اسمین جگت کچھ نہین ٹھہرا - جیسے آکاش مین
شونیتا اور جل مین درڑتا - اور وایو مین سپندنا ہوتی ہے - تیسے ہی برہم مین جگت
اور جگت بھی برہم ہے - اسمین بھاو اور ابھاو کلپنا کوئی نہین ہے - برہم ستتا ہی کا رچی
ہے من سمیرو آدک پربت اور ترن اور چت پرنام سے لیا جب بھوت کو بیاپے
تو برہم ستتا ہی بھاستی ہے - جیسے جل کا رس بنسپتی مین بیاپا ہوا ہے تیسے ہی

۱ स्थान
۲ शरीर
۳ दृष्टि
۴ स्वप्न
۵ सूक्ष्म
۶ अनभव
۷ ज्ञान
۸ विचार
۹ विष
۱۰ काल
۱۱ कल्पना
۱۲ स्थावर
۱۳ जंगम
۱۴ प्राणी
۱۵ स्वप्न
۱۶ देश
۱۷ काल
۱۸ विकार
۱۹ शुद्ध
۲۰ चैतन्य
۲۱ निर्लेप
۲۲ चिदघन
۲۳ सत्ता
۲۴ अधिष्ठान
۲۵ सत्ता
۲۶ सर्वदा
۲۷ तरंग
۲۸ सम्भव
۲۹ मध्य
۳۰ विस्तार
۳۱ भिन्न
۳۲ आदि
۳۳ आत्मसत्ता
۳۴ अंत
۳۵ तरंग
۳۶ सम
۳۷ शान्ति
۳۸ स्तुति
۳۹ व्रत
۴۰ स्थित
۴۱ शून्यता
۴۲ दृढ़ता
۴۳ वायु
۴۴ स्पंदना
۴۵ भाव अभाव
۴۶ कल्पना
۴۷ सुमेरु पर्वत
۴۸ तृण
۴۹ चित
۵۰ प्रणाम
۵۱ भूत
۵۲ ब्रह्म
۵۳ रस
۵۴ वनस्पति
۵۵ व्याप्त

سب سنسار مین سوکشم کر کے آتم ستتا بیاپی ہوئی ہے۔ جیسے ایک رس ستیا برکھش
ترن گچھے مین بیاپی ہوئی ہے۔ اور ایک ہی تھیے انیک روپ ہو کر بھاستی ہے۔ تیسے ہی
ایک ہی برہم ستتا انیک روپ ہو کر بھاستی ہے۔ جیسے مور کے انڈے مین انیک رنگ
ہوتے ہین۔ اور جب انڈا پھوٹ جاتا ہے۔ تب اس سے انیک رنگ پرگھٹ
ہوتے ہین۔ سو ایک ہی رس انیک روپ ہو کر دکھائی دیتا ہے۔ تیسے ہی ایک ہی آتما
انیک روپ جگت اکار روپ ہو کر بھاستا ہے۔ سے من جب تک مور کا رس پرنام
کو پراپت نہین ہوتا۔ تب تک ایک ہی رہتا ہے۔ جب پرنام کو پراپت ہوا۔ اور
نانا روپ ہوا تو بھی وہی ایک ہی رس ہوتا ہے۔ ایسے ہی جگت بھی جب
نانا ہو کر بھاستا ہے۔ تو بھی پرماتما سے بھن نہین ہوتا۔ سے من اگیانی کو جگت
نانا روپ بھاستا ہے۔ اور گیاوان کو ایک ہی روپ وہی پرماتما ہے۔ جیسے مور کے
انڈے مین نانا رنگ دکھائی دیتے ہین۔ تو بھی ایک ہی روپ ہے۔ تیسے ہی اِس
جگت مین بھن بھن پدارتھ بھاستے ہین۔ پرنتو ایک ہی برہم ستتا ہے۔ دوئیت
کچھ نہین۔ سے من یہ دیہہ گھٹ کی نیائین اُپجی ہے۔ اور کبھی بار نشٹ ہوئی ہے
پرنتو آتما روپی آکاش سب کے بھیتر اور باہر اکھنڈ اور ابناشی ہے۔ جیسے ایک
گھٹ مین ایک ہی آکاش استھت ہوتا ہے۔ تیسے انیک پدارتھون مین ایک ہی
برہم ستتا آتم روپ کر کے استھت ہے۔ جو کچھ جنگم استھاور جگت درشٹی مین آتا ہے
سو سب ہی برہم روپ ہے۔ ارتھات کال کریا کارن کارج اور جنم استھتی سنگھار
آدک جو سنسار ہے۔ سو سربتر وہی برہم روپ ہے۔ جیسے مرتکا سے گھٹ بھن نہین تیسے
آتما سے جگت بھن نہین ہے۔ جیسے وایو سے سپند اور جل سے ترنگ بھن نہین تیسے
آتما سے پرکرتی بھن نہین جیسے جل اور ترنگ شبد ماتر ہین۔ پرنتو بھید اور بھاو
کچھ نہین۔ اگیان کر کے ہی بھید بھاستا ہے۔ اور گیان کر کے پھر نشٹ ہو جاتا ہے جیسے

1 सूक्ष्म
2 सत्ता
3 वृक्ष
4 आकार
5 रस
6 परिणाम
7 नानारूप
8 भिन्न
9 नानारूप
10 मोर के अंडे
11 नानारंग
12 भिन्न
13 ब्रह्मसत्ता
14 द्वैत
15 देह
16 घट
17 उपजी
18 नष्ट
19 भीतर
20 अखंड
21 अविनाशी
22 दुस्थित
23 जंगम
24 स्थावर
25 दृष्टि
26 काल
27 क्रिया
28 कारण
29 कार्य
30 जन्म
31 स्थिति
32 संहार
33 सर्वत्र
34 मृत्तिका
35 घट
36 भिन्न
37 वायु
38 स्पंद
39 तरंग
40 प्रकृति
41 शब्दमात्र
42 भेद
43 नष्ट

رسّی مین سرپ اور سیپی مین روپا بھاشتا ہے۔ تیسے ہی آتما مین پرکرتی ہے۔ ہے من
